© rasailojaraid.com



ہے۔ مقالہ میں اسی حوالہ سے بحث کی گئی ہے۔

۵۔ جنگ آزادی ۱۸۵۷ء اور مسیحیوں کا کردار ڈاکٹر غلام علی خان کا ہے، اس جنگ آزادی کو سر سید احمد خان و دیگر افراد غداری قرار دیکر غدر لکھتے ہیں، پروفیسر ڈاکٹر ایوب قادری مرحوم نے اس پر اپنی تصنیف کے ذریعہ حق ادا کردیا ہے، اس مقالہ میں بھی مسلمانوں کے ساتھ ہونے والے ظلم و جبر کو عمدہ انداز میں نمایاں کیا گیا ہے۔

چھ مقالات عربی و انگریزی میں بھی شامل ہیں۔

۱۔ الاستحسان الاصولی حقیقته و حجیته ڈاکٹر عبدالرحمن نے اصول فقہ کے حوالہ استحسان سے بحث کی ہے، مقالہ میں استحسان کی لغوی و اصطلاحی تعریف اس کی حجیت اور عہد حاضر میں تطبیق سے بحث کی گئی ہے۔ اس موضوع پر جامع پی ایچ ڈی مقالہ پروفیسر ڈاکٹر سعید صاحب بہاء الدین زکریا یونیورسٹی تحریر کرچکے ہیں۔

۳۔ علاقة الاسلام لاغرب فی رأی المستشرق ڈاکٹر اکرم الحق یسین کا مقالہ۔

۴۔ مقاصد الأحكام ودورها فی فهم النصوص الشرعية ڈاکٹر عطاء اللہ فیضی کا مقالہ ہے۔

۵۔ الوسطیة فی الاسلام ڈاکٹر صاحب اسلام کا اعتدال پسندی پر جامع مقالہ ہے۔

1- House Financing of Islamic Banks Dr. Muhammad Mushtaq

2- Pronouncement of Tulaq in Pakistan.

3- Testimony, Firstsusce of Proof of Right or Crime, Dr. Rashid Ahmad.

کے انگلش مقالات ہیں۔ مجلہ میں پروف ریڈنگ کی اغلاط کے ساتھ بائنڈنگ کی غلطیاں بھی ہیں، ص ۴۳ تا ۸۰ ڈبل شائع ہوا ہے، جس کی اصلاح پر توجہ کی ضرورت ہے۔

مجلہ کا نام : ششماہی نصرت الاسلام گلگت ج/ ۲، ش/ ۵۔۶ ۲۰۱۳ء

چیف ایڈیٹر : مولانا قاضی نثار احمد ایڈیٹر ابن شہزاد حقانی

ناشر : جامعہ نصرت الاسلام عیدگاہ روڈ گلگت بلتستان،

© rasailojaraid.com